SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۳

SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1973

سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی بقایاجات کی وصولی آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE SINDH INDUSTRIAL TRADING ESTATE RECOVERY OF DUES ORDINANCE, 1973

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extend and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ بقایاجات کا اعلان
Declaration of dues
۴۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1973

سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی بقایاجات کی وصولی آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE SINDH INDUSTRIAL TRADING ESTATE RECOVERY OF DUES ORDINANCE, 1973

[۱۲ مئی ۱۹۷۳]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی بقایاجات کی وصولی کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی بقایاجات کی وصولی کرنا مقصود ہے؛

تمہید (Preamble)

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extend and commencement

۱۔اس آرڈیننس کو سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی بقایاجات کی وصولی آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔

(۲)اس کی پورے صوبہ سندھ تک توثیق کی جائے گی۔

(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مفہوم کے متضاد نہ ہو مندرجہ ذیل اظہارات کی معنی ترتیبوار مندرجہ ذیل ہوں گی:

(a)"ڈفالٹر" سے مراد وہ شخص جس پر سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی واجب الادا بقایاجات ہیں اور جس میں شامل ہے وہ شخص جو ایسی کن بقایاجات کی ادائگی کا ضامن ہو؛

بقایاجات کا اعلان

(b)"حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛ اور

Declaration of dues

(c)"سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ" سے مراد تاریخ ۲ جون ۱۹۴۷ پر سندھ حکومت کی قرارداد نمبر 24-I.B/47-1 کے تحت قائم کردہ سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کمپنی۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۳۔ (۱) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے اعلان کر سکتی ہے کہ سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کی طرف سے واجب الادا بقایاجات یا بقایاجات کی کوئی قسم ڈفالٹرز سے لینڈ روینیو کی بقایاجات کے طور پر واجب الادا ہوگا۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱)کے تحت نوٹیفکیشن شایع ہونے کے بعد ایسی کوئی بھی بقایاجات روینیو رکوری ایکٹ، ۱۸۹۰ (۱۸۹۰ کا ایکٹ I) کے تحت لینڈ روینیو کی بقایاجات کی طور پر واجب الادا ہوں گی۔

۴۔حکومت اس آرڈیننس کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔